## لاہور میں احمدیوں کی عبادت گاہوں پر دہشت گردوں کے حملوں پر قائد تحریک الطاف حسین کا شدید اظہار مذمت

## دہشت گردی کی یہ بدترین کارروائی آئینِ پاکستان اور قائداعظم محمد علی جناح کے درس وتعلیمات اور انکے بتائے ہوئے اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی ہے

## دہشت گردی کے ان افسوسناک واقعات پر مذہبی رواداری اور امن و بھائی چارے پر یقین رکھنے والے تمام محبّ وطن پاکستانیوں کو شدید افسوس ہے

## تمام مذاہب کے ماننے والوں کی عبادت گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔الطاف حسین

## شہید پولیس اہلکاروں کو الطاف حسین کا زبردست خراج عقیدت، دہشت گردوں کے خلاف جرات و بہادری اور ہمت وحوصلے کے ساتھ کارروائی کرنے والے پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔28مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے علاقوں ماڈل ٹاؤن اور گڑھی شاہو میں واقع احمدیوں کی عبادت گاہوں پر دہشت گردوں کے حملوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے ان واقعات میں ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین اور اہل خانہ سے دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ نہ صرف دہشت گردی کی ایک بدترین اور بزدلانہ کارروائی ہے بلکہ آئینِ پاکستان اور قائداعظم محمد علی جناح کے درس وتعلیمات اور انکے بتائے ہوئے اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے ان بدترین اور انتہائی افسوسناک واقعات پر مذہبی رواداری اور امن و بھائی چارے پر یقین رکھنے والے تمام محبّ وطن پاکستانیوں کو شدید افسوس ہے۔انہوں نے وفاقی حکومت اور حکومتِ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ تمام مذاہب کے ماننے والوں کی عبادت گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور عبادتگاہوں کو اس قسم کے حملوں سے محفوظ رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے شہریوں کو دہشت گردوں سے بچانے کی کارروائی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہید پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف جرات و بہادری اور ہمت وحوصلے کے ساتھ کارروائی کرنے والے پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆